حکومت پاکستان

وزارتِ بیرون ملک پاکستانیز اور ترقی انسانی وسائل

اوورسیز ایمپلائمنٹ کارپوریشن

HRDK

ADVERTISEMENT 2025

جنوبی کوریا میں ویلڈنگ کے پیشہ میں ملازمت کے مواقع

بمطابق باہمی یاداشت بسلسلہ روانگی غیر پیشہ ورانہ ورکرز مابین منسٹری آف ایمپلائمنٹ اینڈ لیبر آف کوریا اور منسٹری آف اوورسیز پاکستانیز اینڈ ہیومن ریسورس ڈویلپمنٹ اپنے ذیلی ادارہ او ای سی کے ذریعہ اب تک ہزاروں پاکستانی افرادی قوت کو لازمی ابتدائی تربیت اور دیگر ضابطہ اخلاقیات کو پورا کر کے کوریا روانہ کر چکا ہے۔ جنوبی کوریا کے ایمپلائمنٹ پرمنٹ نظام کے طرز عمل کو بہترین طریقے سے چلانے میں او ای سی پاکستان کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے ایچ آر ڈی کوریا نے پاکستان سے ویلڈنگ کے پیشہ میں ہنرمند افراد کو بھی ایمپلائمنٹ پرمنٹ نظام کے درج ذیل پروگرام کے مطابق ملازمت فراہم کرنے کا موقع فراہم کر رہا ہے۔

آؤٹ لائن

ٹرینیز کی بھرتی ← کورین زبان کی تعلیم + روانگی سے قبل تربیت + ویلڈنگ ٹریننگ

ویلڈنگ کے پیشے کے لیے تربیتی عمل (ایچ آر ڈی کوریا کی جانب سے مختص کیے جانے والے تکنیکی ٹریننگ سنٹر سے)

← ویلڈنگ ٹریننگ کی تشخیص ← CBTEPS-TOPIK کورین زبان کا کمپیوٹر بیسڈ امتحان جسکا موقع 2 بار ملے گا ← جنوبی کوریا کی روٹ کمپنیوں میں ملازمت

نفاذ کا شیڈول

آن لائن درخواستوں کی وصولی	دستاویزات کے جائزے میں کامیاب امیدواروں / انٹرویو کے مقام کا اعلان	دستاویزات کے جائزے میں کامیاب امیدواروں کے انٹرویو کی تاریخ	مزکورہ ٹریننگ کے منتخب امیدواران کا اعلان	ٹریننگ کا دورانیہ	EPS-TOPIK (CBT) کورین زبان کے امتحان کی تاریخ
18 مارچ تا 28 مارچ 2025	11 اپریل 2025	لاہور: 17 تا 21 اپریل 2025 اسلام آباد: 23 تا 27 اپریل 2025	09 مئی 2025	360 گھنٹے	اکتوبر 2025 دوران

☆ٹریننگ کا آغاز مئی 2025 سے ہو گا، جبکہ اسکی تکمیل کی تشخیص و انٹرویو کورین وفد کی جانب سے کی جائے گا جس کی تاریخ اور حتمی کامیاب امیدواروں کا اعلان ایچ آر ڈی کوریا کی جانب سے حتمی شکل دینے کے بعد کیا جائے گا۔ مزید، ایچ آر ڈی کوریا کو مذکورہ شیڈول میں تبدیلی یا منسوخی کا حق حاصل ہے۔

اہلیت

- عمر کی حد 18 سال سے 39 سال کے درمیان امتحان کے وقت۔ (یعنی تاریخ پیدائش اکتوبر 2007 سے اکتوبر 1986 کے درمیان ہو)
- تعلیمی قابلیت کم از کم میٹرک بمع ویلڈنگ کا ڈپلومہ (ایک سال یا زائد)۔ (ویلڈنگ کے کام کا تجربہ اور کورین زبان میں قابلیت لازمی ہے)
- امیدوار کے لیے لازمی ہے کے وہ رنگوں میں امتیاز کر سکتا ہو یعنی کلر بلائنڈ (color blind) نہ ہو۔
- درخواست دہندگان کے لیے ضروری ہے کہ وہ عدالت سے سزا یافتہ نہ ہو اور کسی بڑی سزا کے مرتکب نہ ہوئے ہوں۔
- درخواست دہندہ کے لیے ضروری ہے کہ ان کا نام (ECL) پر نہ ہو۔ اور نہ ہی ای پی ایس پول پر موجود ہو۔
- ایسے امیدواران جنہوں نے جنوبی کوریا کا سفر کیا ہو، کام کیا ہو یا ای پی ایس روسٹر پر رجسٹرڈ ہوں درخواست دینے کے اہل نہیں ہیں۔
- کسی بھی قسم کی جسمانی معذوری بشمول ہاتھ پاؤں کی کٹی ہوئی انگلیاں یا ریڑھ کی ہڈی کے مہرے ہلے ہوں یا ٹی بی ہو ایسے افراد درخواست دینے کے اہل نہیں ہیں۔

مطلوبہ دستاویزات

- تعلیمی اسناد، ویلڈنگ میں تجربہ اور کورین زبان کی قابلیت کے سرٹیفکیٹ۔
- پاسپورٹ اور شناختی کارڈ کی بہترین کلر کاپی، چار عدد رنگین فوٹوگراف سائز 3.5cm*4.5cm سفید بیک گراؤنڈ کے ساتھ گزشتہ ایک ماہ کے اندر لی گئی ہو۔
- OEC کی درخواست فیس مبلغ ایک ہزار (1000) روپے OEC کے آفیشل اکاؤنٹ میں (چالان فارم کے ذریعے) جمع کروا کر جمع شدہ چالان فارم اپنی **آن لائن درخواست** کے ہمراہ لازمی منسلک کریں۔ درخواست فیس کی ادائیگی نہ کرنے یا جعلسازی کرنے والے افراد کو نااہل تصور کیا جائے گا۔
- مزکورہ ٹریننگ کے لیے منتخب امیدواران کو کورین زبان کے ٹیسٹ کی فیس 28 ڈالر کے مساوی پاکستانی روپے ایچ آر ڈی کوریا کو ادا کرنے ہوں گے،
- جبکہ مزکورہ ٹریننگ کے اخراجات ایچ آر ڈی کوریا کی طرف سے مختص کیے جانے والے تکنیکی ٹریننگ سنٹرز کو امیدواران نے خود ادا کرنے ہوں گے۔

انتہائی اہم نوٹ

- کوریائی زبان میں مہارت لازمی ہے، لہذا صرف ایسے افراد جو کورین زبان سیکھ چکے ہیں / کورین زبان میں مہارت رکھتے ہیں درخواست دیں۔
- درخواستوں کی وصولی آن لائن ہے جبکہ انٹرویو کے وقت تمام تعلیمی اور تجربے کے اصل دستاویزات انٹرویو کے مقام پر ساتھ لانا لازمی ہیں۔
- انٹرویو و ٹریننگ لاہور اور اسلام آباد میں متوازی طور پر ہو گی۔ لہذا، درخواست دہندگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ آن لائن اپلائی کرتے وقت اپنے اسٹیشن کو احتیاط سے منتخب کریں (انٹرویو / ٹریننگ کا مقام ہرگز قابل تبدیل نہ ہو گا)۔ تاہم، ویلڈنگ ٹریننگ کی تشخیص اور کورین زبان کا امتحان صرف اسلام آباد میں ہو گا۔
- ایچ آر ڈی کوریا کی جانب سے اعلان کردہ نتائج کو حتمی تصور کیا جائے گا۔ اور ایچ آر ڈی کوریا کی جانب سے اعلان کردہ نتائج کسی بھی عدالت میں قابل چیلنج نہیں ہیں۔
- اگر امیدوار مہیا کردہ معلومات و کاغذات میں غلط بیانی کا مرتکب پایا گیا یا کسی قسم کی بھی دھوکہ دہی کرتا ہے تو ایچ آر ڈی کوریا کی جانب سے مذکورہ عمل منسوخ کرنے کے ساتھ ساتھ 4 سال کی نااہلی بھی لاگو کی جائے گی۔

مزید رہنمائی کیلئے او۔ای۔سی کی ویب سائٹ www.oec.gov.pk وزٹ کیجیے یا سائٹ پر دیئے گئے نمبرز پر رابطہ کریں۔

OEC ★ OEC ★ OEC ★ OEC ★ OEC ★ OEC ★ OEC ★ OEC ★ OEC ★ ★ OEC ★